جماعت	ماڈل پیپر	کل نمبر
9^{TH}	مطالعہ قرآن (لازمی)	50

حصہ اول۔ کل نمبر 10

سوال نمبر 1۔ درج ذیل بیانات کو غور سے پڑھیں۔ اور درست جواب کا انتخاب کریں۔

1۔ حضرت مریم علیہا السلام کے پاس بے موسم پھل دیکھ کر دل میں اولاد کی خواہش پیدا ہوئی:			
Ⓐ حضرت ایوب علیہ السلام کے	Ⓑ حضرت زکریا علیہ السلام کے	Ⓒ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے	Ⓓ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے
2۔ وہ پیغمبر جن کی پیدائش معجزانہ طور پر بغیر باپ کے ہوئی:			
Ⓐ حضرت یحیٰ علیہ السلام	Ⓑ حضرت زکریا علیہ السلام	Ⓒ حضرت موسیٰ علیہ السلام	Ⓓ حضرت عیسیٰ علیہ السلام
3۔ تلاوت سن کر نجاشی بادشاہ کی آنکھوں میں آنسو بہنے لگے:			
Ⓐ سورہ مریم کی	Ⓑ سورۃ الحج کی	Ⓒ سورۃ طٰہٰ کی	Ⓓ سورۃ الفرقان کی
4۔ عصا اور ید بیضا معجزات تھے:			
Ⓐ حضرت یحیٰ علیہ السلام کے	Ⓑ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے	Ⓒ حضرت زکریا علیہ السلام کے	Ⓓ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے
5۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ دعا ہے:			
Ⓐ حضرت آدم علیہ السلام کی	Ⓑ حضرت زکریا علیہ السلام کی	Ⓒ حضرت ایوب علیہ السلام کی	Ⓓ حضرت یونس علیہ السلام کی
6۔ وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى يَدَيْهِ سورہ الفرقان کے ان الفاظ کی رو سے قیامت کے دن ظالم:			
Ⓐ اپنے منہ پر مٹی ڈالیں گے۔	Ⓑ اپنے بال نوچیں گے۔	Ⓒ اپنے ہاتھ کاٹیں گے۔	Ⓓ دوبارہ دنیا میں آنے کی خواہش کریں گے۔
7۔ تَبٰرَكَ الَّذِىْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰى عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرَا ۝: اس آیت کی رو سے الفرقان سے مراد ہے:			
Ⓐ قرآن مجید	Ⓑ انجیل	Ⓒ تورات	Ⓓ زبور
8۔ حضرت مریم علیہا السلام کی کفالت کی:			
Ⓐ حضرت یحیٰ علیہ السلام نے	Ⓑ حضرت زکریا علیہ السلام نے	Ⓒ حضرت یونس علیہ السلام نے	Ⓓ حضرت سلیمان علیہ السلام نے
9۔ وَلْيَطَّوَّفُوْا بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ: اس آیت میں بیت العتیق سے مراد ہے:			
Ⓐ مسجد قبا	Ⓑ خانہ کعبہ	Ⓒ بیت المقدس	Ⓓ مسجد قبلتین
10۔ قوم لوط پر اللہ تعالیٰ نے عذاب نازل کیا:			
Ⓐ پتھروں کی بارش کا	Ⓑ چیخ کا	Ⓒ سیلاب کا	Ⓓ زلزلہ کا

حصہ دوم۔ کل نمبر 24

نوٹ: درج ذیل میں سے 12 سوالات کے جوابات دیں۔ ہر سوال کے 2 نمبر ہیں۔

i.	حضرت حنہ نے کیا منت مانی تھی؟ اور انہوں نے یہ منت کیسے پوری کی؟
ii.	وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنْسِفُهَا رَبِّيْ نَسْفًا ۝ فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا ۝ سورہ طٰہٰ کی ان آیات میں (اللہ تعالیٰ نے) قیامت کے دن کا کیا منظر بیان فرمایا ہے؟
iii.	وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِيْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّنَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَعْمٰى ۝ اس آیت میں اللہ تعالیٰ کی نصیحت سے منہ موڑنے والوں کو کون سی دو وعیدیں سنائی گئی ہیں؟
iv.	وَنَبْلُوْكُمْ بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ: اس آیت کی رُو سے اللہ تعالیٰ کون سی دو چیزوں سے انسان کی آزمائش کرتے ہیں؟
v.	اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ: سورۃ الحج کی اس آیت کی روشنی میں اللہ تعالیٰ کن لوگوں کو جنت میں داخل کریں گے؟
vi.	سورۃ الفرقان میں اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کی جو صفات بیان کی ہیں ان میں سے دو صفات لکھیں۔
vii.	وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم ﷺ کی کون سی دو صفات کا ذکر کیا ہے؟
viii.	حضرت لُوط علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے کن دو بستیوں کی طرف نبی بنا کر بھیجا تھا؟
ix.	سورۃ الشعرا میں اچھے شاعروں کی جن صفات کا ذکر ہے ان میں سے دو صفات لکھیں۔
x.	قوم لوط کس جرم میں مبتلا تھی؟ اللہ تعالیٰ نے اس قوم کو کس عذاب سے ہلاک کیا؟
xi.	بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِيْنٍ ۝ وَاِنَّهٗ لَفِيْ زُبُرِ الْاَوَّلِيْنَ ۝ سورۃ الشعرا کی ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کی کون سی دو خصوصیات کا ذکر کیا ہے؟
xii.	فَفَهَّمْنٰهَا سُلَيْمٰنَ ۚ وَكُلًّا اٰتَيْنَا حُكْمًا وَّعِلْمًا: سورۃ انبیا کی اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے حضرت سلیمان علیہ السلام کو دی گئی کون سی دو نعمتوں کا ذکر کیا ہے؟
xiii.	وَسَخَّرْنَا مَعَ دَاوٗدَ الْجِبَالَ يُسَبِّحْنَ وَالطَّيْرَ ۭ وَكُنَّا فٰعِلِيْنَ ۝ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے حضرت داود علیہ السلام کو دیے گئے کون سے دو معجزات کا ذکر کیا ہے؟
xiv.	اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ يٰٓاَبَتِ لِمَ تَعْبُدُ مَا لَا يَسْمَعُ وَلَا يُبْصِرُ: اس آیت میں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے والد کو بتوں کے بارے میں کون سی دو باتیں کہیں؟
xv.	حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے حضرت مریم علیہا السلام کی گود میں جو باتیں کیں ان میں سے دو باتیں لکھیں۔
xvi.	اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُوْرٍ: اس آیت کی رو سے اللہ تعالیٰ انسان کی کن دو باتوں کو ناپسند فرماتا ہے؟

حصہ سوم۔ کل نمبر 16

نوٹ: درج ذیل میں سے کوئی سے 4 اجزا کا ترجمہ کریں۔ ہر جز کے نمبر برابر ہیں۔

i.	وَإِنَّ اللّٰهَ رَبِّي وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوهُ ۗ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيمٌ ۝
ii.	اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۗ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۝
iii.	اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِي غَفْلَةٍ مُّعْرِضُونَ ۝
iv.	يَآ أَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا ارْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ ۝
v.	تَبٰرَكَ الَّذِىْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰى عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرَا ۝
vi.	اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۗ

کل نمبر	پرچہ	جماعت
50	مطالعہ قرآن (لازمی)	نہم

RUBBRICS

حصہ اول۔ کل نمبر 10

1.B	2.D	3.A	4.B	5.D	6.C	7.A	8.B	9.B	10.A

حصہ دوم۔ کل نمبر 24

نمبر	جواب	نمبر شمار
1+1	حضرت حنہ نے منت مانی تھی کہ وہ اپنی اولاد کو بیت المقدس کی خدمت کے لیے وقف کریں گی۔ حضرت مریم علیہا السلام کو بیت المقدس کی خدمت کے لیے وقف کر دیا تھا	i.
1+1	پہاڑوں کو دھول بنا کر اُڑا دیا جائے گا۔ اور زمین کو صاف میدان بنا دیا جائے گا۔	ii.
1+1	دنیا کی زندگی کو تنگ کر دیا جائے گا۔ قیامت کے دن اندھا اُٹھایا جائے گا۔	iii.
1+1	شر اور خیر	iv.
1+1	ایمان لانے والے اور عمل صالح کرنے والے۔	v.
1+1	زمین پر عاجزی سے چلتے ہیں۔ جاہل لوگوں سے گفتگو نہیں کرتے۔ تہجد پڑھتے ہیں۔ جہنم سے پناہ مانگتے ہیں۔ فضول خرچی نہیں کرتے۔ شرک نہیں کرتے۔ زنا نہیں کرتے۔ ناحق قتل نہیں کرتے	vi.
1+1	خوشخبری سنانے والا۔ ڈرانے والا	vii.
1+1	بستی عمورہ، بستی سدوم	viii.
1+1	ایمان لانا۔ نیک عمل کرنا۔ اللہ تعالیٰ کا زیادہ ذکر کرنا۔	ix.
1+1	بے حیائی، پتھروں کی بارش۔	x.
1+1	قرآن عربی زبان میں نازل ہوا۔ پہلی کتابوں میں اس کا ذکر ہے۔	xi.
1+1	علم دیا اور حکمت عطا کی۔	xii.
1+1	حضرت داود علیہ السلام کے لئے پہاڑوں کو تابع کرنا، اور پرندوں کو تابع کرنا۔	xiii.
1+1	بت نہ کسی کی بات سن سکتے ہیں اور نہ کسی کو دیکھ سکتے ہیں۔	xiv.
1+1	میں اللہ کا بندہ ہوں۔ اس نے مجھے کتاب دی۔ اس نے مجھے نبی بنایا۔ اس نے مجھے بابرکت بنایا۔ اس نے مجھے نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیا۔ والدہ کے ساتھ حسن سلوک کرنے والا بنایا۔ مجھے سرکش محروم نہیں بنایا۔ سلام ہے مجھ پر جس دن میں پیدا ہوا۔ جس دن میں وفات پاوں گا۔ جس دن زندہ کر کے اٹھایا جاوں گا۔	xv.
1+1	خیانت کرنے والے کو۔ ناشکرے کو۔	xvi.

حصہ سوم۔ کل نمبر16

اور بے شک اللہ میرا اور تمھارا رب ہے پس اسی کی عبادت کرو یہی سیدھا راستا ہے۔	1+1+1+1
اللہ وہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں اسی کے لئے سب اچھے نام ہیں۔	1+1+1+1
لوگوں کے لئے حساب کا وقت قریب آگیا اور وہ غفلت میں منہ موڑے ہوئے ہیں۔	1+1+1+1
اے لوگو جو ایمان لائے ہو، رکوع کرو، اور سجدہ کرو، اور اپنے رب کی عبادت کرو	1+1+1+1
بہت ہی بابرکت ہے وہ (اللہ) جس نے اپنے بندے (محمد ﷺ) پر فرقان (قرآن) نازل فرمایا	1+1+1+1
بے شک اللہ داخل فرمائے گا ان کو جو ایمان لائے، اور جنہوں نے نیک عمل کئے، جنتوں میں جن کے نیچے سے نہریں بہہ رہی ہوں گی	1+1+1+1